خیروبرکات کامہینہ!

رمضان المبارک اپنے دامن میں بے شمار رحمتیں' برکتیں اور مغفرتیں لے کر ہم پر سایہ فگن ہونے والا ہے۔

خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اس مقدس مہینہ میں رب ذوالجلال کی رحمت کے خزانوں' مغفرت کے موجزن سمندر اور خیروبرکات کی بارش سے اپنا دامن بھریں گے۔ اور نہایت ہی بدنصیب ہوں گے وہ لوگ جو اس خیروبرکت کے مہینہ میں بھی بھلائیوں کو حاصل نہ کرسکیں اور اپنے گناہوں کو معاف نہ کرواسکیں۔ اس مقدس مہینہ میں جہاں ایک مسلمان کو اپنے انفرادی گناہوں کیلئے استغفار کرنا چاہیے وہاں من حیث القوم ہم سے جو اجتماعی غلطیاں سرزد ہوتی ہیں جن کا خمیازہ ناقص العقل اور دین سے برگشتہ عناصر کی حکمرانی' بدامنی و بے اطمینانی' انتشار و افتراق اور لاقانونیت کی صورت میں بھگت رہے ہیں اس پر بھی نہایت عاجزی کے ساتھ غفور رحیم سے معافی طلب کرنی چاہیے۔

دین کے ساتھ نسبت رکھنے والے عناصر جن سے یہ غلطی سرزد ہوئی اور اس غلطی پر شرمندگی کے بجائے ابھی تک انہیں اصرار ہے ان کی ہدایت کیلئے بھی مقلب القلوب سے انکساری کے ساتھ دعا کرنی چاہیے۔ وما ذالک علی اللہ بعزیز

اللہ تعالیٰ اس وطن عزیز کو ایک صحیح اسلامی مملکت بنائے' اسے اندرونی و بیرونی سازشوں سے محفوظ رکھے۔ اس کی زمام اقتدار نیک مخلص محب وطن اور باصلاحیت لوگوں کے ہاتھ میں دے۔ عالم اسلام میں اتفاق و اتحاد پیدا فرمائے اور پاکستان کو اسلام کا ایک مضبوط قلعہ بنائے۔ آمین

ارباب جامعات کیلئے......ایک لمحہ فکریہ!